کوئٹہ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

QUETTA

نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا اٹھاونواں اجلاس عام ہفتہ 25 جنوری 2020ء صبح نو بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع تاور ہاؤس، گراؤنڈ فلور، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

1- ستاونویں اجلاس عام منعقدہ 26 اکتوبر 2019ء کی کارروائی کی توثیق۔

2- کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 159(1) کے تحت 27 جنوری 2020ء سے آئندہ تین سال کیلئے بورڈ کی مقررہ تعداد میں دس (10) ڈائریکٹرز کا انتخاب۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز مندرجہ ذیل ہیں۔

1- جناب طارق اقبال	2- جناب عاصم خالد
3- جناب عمر خالد	4- جناب توقیر طارق
5- مسز جسیم طارق	6- مسز صائمہ عاصم
7- مسز صدف خالد	8- جناب محمد سعید

3- چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
عدرت مند خان
کمپنی سیکرٹری

کراچی۔ 4 جنوری 2020ء

نوٹس:

1- کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 19 جنوری 2020ء تا 25 جنوری 2020ء (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔

2- غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتا ہے۔ کارپوریشن کی صورت میں پروکسی کا ممبر ہونا ضروری نہیں پروکسی کی تقرری کی دستاویز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں مل جانی چاہیے۔

3- ڈائریکٹرز کے انتخابات میں حصہ لینے کے متمنی افراد کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم چودہ دن قبل کمپنی کو مطلع کرنا ہوگا۔ امیدواروں کو کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 159(3) کے تحت اپنے عندیہ سے کمپنی کو مطلع کرنا ہوگا۔ عندیہ کے ہمراہ کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کے مطابق مطلوبہ ڈیکلریشن بھی داخل کرانا ہوگا۔

4- 18 جنوری 2020ء کے اختتام کاروبار تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار نیب کنسلٹنسی پرائیویٹ لمیٹڈ کے دفتر واقع 405 کامرس سینٹر۔ حسرت موہانی روڈ۔ کراچی موصول ہونے والی منتقلیاں ای او ٹی ایم میں شرکت اور رائے دہی کیلئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

5- شیئر ہولڈرز کو اپنے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کرنا ہوگا۔

6- سی ڈی سی کے اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید براں مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

الف) برائے اجلاس میں شرکت

اجلاس ہذا میں شرکت کے اہل سی ڈی سی کے انفرادی مالکان کو اپنی شناخت کیلئے شریک آئی ڈی اور اکاؤنٹ اسب اکاؤنٹ نمبر معہ اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ ہمراہ لانا ہوگا۔ کارپوریٹ اسٹنٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نمونہ دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اجلاس میں شرکت کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

ب) برائے پروکسی کی تقرری

پروکسی کی تقرری کیلئے سی ڈی سی کے انفرادی مالکان کو حسب بالا پروکسی فارم معہ شریک آئی ڈی اور اکاؤنٹ اسب اکاؤنٹ نمبر معہ سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی داخل کرانا ہوگا۔ پروکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہیے جن کے نام پتے اور سی این آئی سی نمبر بھی درج ہونے چاہئیں۔ پروکسی کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کارپوریٹ اسٹنٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ پروکسی کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) پروکسی فارم کے ہمراہ اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 166(3) کے تحت مخصوص حقائق پر مبنی گوشوارہ

خود مختار ڈائریکٹر کا انتخاب تمام متعلقہ کوائف پر مبنی ڈیٹا بنک پر کیا جائیگا جو کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 166(1) کے تحت خود مختار ڈائریکٹر کے طور پر کام کا اہل اور متمنی ہوگا۔ جو فرد دفعہ 153 کے تحت اہل اور کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 166(2) کے تحت معیار پر پورا اترتا ہو وہ خود مختار ڈائریکٹر کیلئے نامزد ہوسکتا ہے۔ امیدواروں کی حتمی فہرست دفعہ 159(4) کے تحت اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم سات روز قبل جاری کی جائیگی۔ مزید برآں کمپنی کی ویب سائیٹ پر بھی ہر امیدوار کے بارے میں مطلوبہ معلومات فراہم کردی جائیں گی۔

کوئی بھی ڈائریکٹر بالواسطہ یا بلاواسطہ مندرجہ بالا امور میں دلچسپی نہیں رکھتا سوائے بطور شیئر ہولڈر ہونے اور وہ ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لے سکتے ہیں۔